© rasailojaraid.com


# مطبوعات

| | |
|---|---|
| THE LIVING MESSAGE OF MUHAMMAD — محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا زندہ جاوید پیغام | تالیف: جناب صوفی محبوب الٰہی صاحب۔ شائع کردہ: فیروز سنز لمیٹڈ، لاہور۔ کراچی۔ قیمت سات روپے، صفحات ۱۲۴۔ |

اس قابلِ قدر تصنیف کے مصنف پاکستان کے علمی اور دینی حلقوں کی جانی پہچانی شخصیت ہیں۔ انہوں نے ایک غیر مسلم گھرانے میں جنم لیا مگر ابھی تعلیم سے فارغ نہ ہوئے تھے کہ باری تعالیٰ نے انہیں اسلام کی دولت سے نوازا۔ اس دولت کی انہوں نے بڑی قدر کی اور اللہ کے دین کی تبلیغ کو اپنی زندگی کا مشن بنا لیا۔ یہ کتاب بھی اُن کے اسی نیک جذبے کی ترجمان ہے۔ اس میں انہوں نے الفاظ کے اختصار مگر معنوی جامعیت کے ساتھ حضور سرورِ دو عالم کی حیاتِ طیبہ، اُن کے مقدس پیغام کو قلمبند کیا ہے۔ اندازِ بیان سادہ اور مؤثر ہے۔ نو مسلموں کو اسلام سے متعارف کروانے اور نوجوانوں کو نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کی مقدس زندگی اور آن کے پیغام سے واقفیت بہم پہنچانے کے لیے یہ ایک نہایت مفید کوشش ہے۔ معیارِ طباعت نہایت اچھا ہے مگر افسوس کہ اس کی قیمت بہت زیادہ ہے۔

© rasailojaraid.com